7501-ماہواری کے ایام کے علاوہ خارج ہونے والے خون کا حکم

سوال

ماہواری کے ایام کے علاوہ کسی اورایام میں آنے والے خون کا حکم کیا ہے ،مجھے ہر ماہ نویوم ماہواری آتی ہے ، لیکن بعض اوقات ماہواری کے ایام کے علاوہ ایک یا دو روز تک خون آتا ہے لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے ، کیا اس دوران مجھ پر نماز روزہ کی پابندی کرنا ضروری ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

ماہواری کے ایام سے زائد خون رگ کا خون ہے اسے حیض شمار نہیں کیا جائیگا ، اس لیے جو عورت اپنی ماہواری کے ایام جانتی ہو وہ ماہواری کے ایام میں نماز روزہ ترک کرے گی ، اور نہ ہی قرآن مجید کو چھوئے گی ، اور نہ ہی اس کا خاوند اس کے ساتھ جماع کرے گا .

اور جب وہ پاک صاف ہو جائے اور اس کے ماہواری کے ایام گزر جائیں اور وہ غسل کر لے تو وہ پاک صاف عورتوں کے حکم میں ہو گی ، چاہے بعد میں اسے خون یا زردی مائل یا گندہ پانی آئے تو اسے استحاضہ شمار کیا جائیگا جو نماز روزہ کی ادائیگی میں مانع نہیں .